Date: ___/___/20___

M T W T F S

سوال: اسلام سے کیا مراد ہے۔ اس کی خصوصیات بیان کریں۔

جواب: اسلام کی تعریف: اسلام کے لغوی معنی ہیں اطاعت، جھکنا اور سپردگی کے ہیں۔ اسلام کے لفظی معنی سلامتی کے ہیں۔ اصطلاح میں اسلام سے مراد اللہ کی اطاعت اور رسول ﷺ کی اطاعت کرنا کے ہیں۔ اسلام میں داخل ہونے کے بعد اللہ کی اطاعت اور رسول ﷺ کی اطاعت لازمی ہو جاتی ہے۔

1) قرآن کی روشنی میں اسلام:

اللہ تعالیٰ نے اسلام کی اہمیت کو واضح کرنے کے لیے قرآن میں ارشاد فرمایا کہ

سورۃ آل عمران آیت نمبر 19

ترجمہ: بے شک دین صرف اسلام ہی ہے

ایک اور جگہ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا

آل عمران آیت نمبر 85

ترجمہ

اور جو لوگ اسلام کے علاوہ کوئی اور دین تلاش کرتے ہیں تو وہ ہرگز قابل قبول نہیں ہے ان کے لیے عذاب ہوگا۔

Scanned with CamScanner

Date: / /20 M T W T F S

(۲) حدیث کی روشنی میں دین

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ افضل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

ایک اور جگہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان دوسرے مسلمان محفوظ رہیں اور مومن وہ ہے جس سے لوگوں کا مال محفوظ رہے۔

(۳) اسلام توحید کا درس دیتا ہے:

اسلام کی یہ بھی خوبی ہے کہ اسلام لوگوں کو ایک خدا کی عبادت کرنے کا حکم دیتا ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ اسطرح اسلام لوگوں کو زیادہ خداؤں سے نجات دلاتا ہے اور ایک اللہ کی عبادت کا حکم دیتا ہے جب انسان کو معلوم ہوتا ہے کہ زندگی موت نفع نقصان اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ دنیا میں کسی چیز سے نہیں ڈرتا صرف اللہ کے علاوہ

(۴) رسالت محمدی ﷺ سے اسلام کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے نبی بھیجے تاکہ وہ سیدھی راہ پر چلیں اس طرح کئی شخص رہنما رہے ہیں رہنی ہوئے محمد ﷺ دنیا میں تشریف لائے اور آپ ﷺ تمام انبیاء کے سردار بن گئے۔ اب صرف شریعت

Date: / /20 M T W T F S

محمدی کا سکہ چلے گا نہ کسی اور کا۔

(4) کامل دین!

دین اسلام کی ایک یہ بھی خوبی ہے
ہے کہ یہ ایک مکمل دین ہے اور کامل دین
ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ
آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر لیا
اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی۔

(5) عالمگیر دین:

دین اسلام کی ایک یہ بھی خوبی ہے
کہ دین اسلام ایک عالمگیر دین ہے کہ یہ تمام عالم
اسلام کے انسانوں کے لیے ہے نہ کہ کسی خاص
قوم کے لیے اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں تمام انسانوں
کو مخاطب کر کے پکارتا ہے۔ اے لوگوں
کے لقب سے پکارتا ہے۔ اس طرح یہ
ثابت ہوا کہ یہ دین تمام انسانوں اور تمام
جہانوں کے لیے ہے نہ کہ صرف ایک قوم کے
لیے اللہ پاک کا قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ
ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر
بھیجا ہے۔

(7) محفوظ دین ہے:

دین اسلام کی ایک یہ بھی خوبی
ہے کہ یہ ایک محفوظ دین ہے اس سے پہلے تمام
انبیاء اکرام علیہ کے دین محفوظ نہیں رہے بلکہ ان
میں تبدیلیاں کر دی گئیں۔ جیسے عیسائیوں نے
اپنی کتاب انجیل میں تبدیلیاں کر دیں اور

Scanned with CamScanner

یہودیوں نے اپنی کتاب زبور میں تبدیلیاں کر دیں اور قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود لیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ یہ ذکر ہم نے نازل کیا ہے۔ اور ہم خود اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

(8) مساوات کا دین:-

دین اسلام کی ایک یہ بھی خوبی ہے کہ یہ بھائی چارے اور مساوات کا دین ہے۔ آپ ﷺ نے تمام مسلمانوں کو آپس میں بھائی بھائی قرار دیا ہے۔ اسطرح دین اسلام ایک بھائی چارے اور مساوات کا دین ہے

(9) اتحاد کا دین ہے:

دین اسلام اتحاد کا دین ہے۔ دین اسلام میں ایک عبادت ہے کہ جب لوگ حج کے لیے جاتے ہیں تو وہ ایک اتحاد کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ ساری دنیا میں اتحاد کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

(10) مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں۔

مسلمان ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہونے کے ناطے ایک جسم کی مانند ہیں۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں اگر جسم کے ایک حصے میں درد محسوس ہوتا ہے تو سارہ جسم بے چین ہو جاتا ہے